Serial No.of Answar book ..............................

**MRD-E/XI (A)**

اُردو (لازمی). پارٹ-II

Roll No. ..............................

Fic. No. ...................

Fic. No. ..................

اُردو (لازمی). پارٹ-II

وقت: 20 منٹ

## حصہ الف (معروضی)

کل نمبر:20

**نوٹ۔ اس حصے کے لیے یہی شیٹ استعمال کریں۔ کاٹ کر یا دوبارہ لکھے ہوئے جوابات پر کوئی نمبر نہیں ملے گا۔**

سوال نمبر 1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات (الف، ب، ج، د) دیئے گئے ہیں۔ درست جواب کا انتخاب سامنے دیئے گئے خانے میں لکھیں۔

(i) یہ سن کر ماما عظمت کا رنگ ______ ہو گیا۔ (الف) فق (ب) فک (ج) نیلا (د) زرد

(ii) کیا ان کی اخلاقی شکل و صورت کی پوری ______ دنیا کے سامنے کبھی موجود رہی ہے۔
(الف) صورت (ب) تصویر (ج) شبیہہ (د) عکس

(iii) کتاب میں محسن کاکوروی کی نظم ______ شامل ہے۔ (الف) نعت (ب) حمد (ج) مرثیہ (د) قصیدہ

(iv) ''سرسید کی چند مہم'' کس کا لکھا ہوا ہے؟ (الف) ابن انشاء (ب) الطاف حسین حالی (ج) مولوی عبدالحق (د) مرزا ادیب

(v) نے گل کو ہے ثبات نہ ہم کو ہے ______ ۔ (الف) اختیار (ب) اعتبار (ج) انتظار (د) اعتماد

(vi) ہر اک ذرہ ______ کا داستان اس کی سناتا ہے۔ (الف) جہاں (ب) فضا (ج) دنیا (د) کائنات

(vii) مرتضیٰ نکوئی کے ______ بہت بلند تھے۔ (الف) خیال (ب) ارادے (ج) حوصلے (د) منصوبے

(viii) مولوی صاحب بہو کا خط دیکھ کر ______ ہو گئے۔ (الف) آبدیدہ (ب) غمگین (ج) باغ باغ (د) پریشان

(ix) جس کے رقص نے ______ کو لرزا دیا ہے۔ (الف) تختِ سلطنت (ب) زمین (ج) بادشاہ (د) ملکہ

(x) ''تمیز دار بہو'' ڈپٹی نذیر احمد کے کس ناول سے ماخوذ ہے؟ (الف) مراۃ العروس (ب) ابن الوقت (ج) توبۃ النصوح (د) فسانہ مبتلا

(xi) کل کی چکی کس نے ایجاد کی؟ (الف) راجا ٹوڈرمل (ب) مرشد قلی خان (ج) امیر فتح اللہ شیرازی (د) مقرب خان

(xii) میں نے اس خوشی پر آج شام چائے کا ______ کیا ہے۔ (الف) انتظام (ب) اہتمام (ج) بندوبست (د) التزام

(xiii) ولایت سے واپس آ کر سرسید احمد خان کتنے برس زندہ رہے؟ (الف) 28 (ب) 30 (ج) 35 (د) 25

(xiv) فلاسفہ یونان کا قول ہے کہ ______ میں دو چیزیں نہایت عجیب و حیرت انگیز ہیں۔
(الف) طب (ب) دنیا (ج) کائنات (د) فلسفہ

(xv) شعر گلزار ______ کا پھول ہے۔ (الف) فصاحت (ب) لطافت (ج) بلاغت (د) حلاوت

(xvi) یہ جنت مبارک رہے ______ کو۔ (الف) زاہدوں (ب) عابدوں (ج) نمازیوں (د) ساجدوں

(xvii) نفیر عمل کس کی نظم ہے؟ (الف) مجید امجد (ب) احسان دانش (ج) مولانا حالی (د) اکبر الہ آبادی

Result.PK

# اُردو (لازمی). پارٹ-II

وقت:2 گھنٹے 40 منٹ | نمبر:80

## سیکشن ''ب'' (50)

**سوال نمبر2۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے صرف دس کے مختصر جوابات تحریر کریں۔تمام سوالوں کے نمبر یکساں ہیں۔**

i۔ پاکستان کا قیام برصغیر کے مسلمانوں کے لیے کیوں ضروری تھا؟

ii۔ قطعہ اور رباعی کی تعریف لکھیں۔

iii۔ ڈراما انارکلی کا خلاصہ لکھیے۔

iv۔ قافیہ، ردیف، مطلع اور مقطع کی تعریف لکھیں۔

v۔ مولوی عبدالحق نے لکھا ہے کہ حالیؔ قناعت پسند تھے۔سبق میں ان کی قناعت پسندی کا جو واقعہ بیان ہوا ہے اسے اپنے الفاظ میں بیان کیجیے۔

vi۔ ماما عظمت کے کردار پر مختصر نوٹ لکھیں۔

vii۔ استعارہ کی تعریف کریں اور مثالیں دیں۔

viii۔ ''خُمستانِ ازل کا ساقی'' میں جو کچھ کہا گیا ہے اسے نثر میں بیان کریں۔

ix۔ ''بونصر'' اور ''بوعلی'' کون تھے؟

x۔ نظم بہ نسبت نثر کے زیادہ مؤثر ہوتی ہے کیوں؟

xi۔ انبیاء اور حکماء کی اخلاقی تعلیمات میں اصلی فرق و امتیاز کیا ہے؟

xii۔ ہمارا قومی نصب العین کیا ہے؟

xiii۔ ''لہو اور قالین'' کا مرکزی خیال بیان کیجیے۔

## سیکشن ''ج'' (30)

**سوال نمبر3۔ سیاق وسباق اور متن کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجئے۔**

(الف) عالم جسمانی میں انسان کے لیے غذا مادہ حیات ہے۔اسی طرح عالمِ معنٰی میں روح کے لیے غذا درکار ہے۔چونکہ اشعار و مضامینِ لطیف سے روح قوتِ کمال اور طاقتِ بلند پروازی پاتی ہے یہی اس کی غذا ہے۔روح کی لطافت و نفاست تو خود ظاہر ہے کہ خاص روح القدس کہ آفتاب قدرت کا پرتو ہے۔اسی سے شعر کے جوہر لطافت کو خیال کرنا چاہیے کہ نفاست میں کس مرتبہ عالی ہوگا۔

(ب) پنجاب میں خون کی ہولی کھیلی جارہی تھی۔ بڑے چچا اس صدمے سے جیسے نڈھال ہو گئے تھے۔بیٹھک میں بیماروں کی طرح وہ ہر ایک سے پوچھتے رہتے ''یہ کیا ہو رہا ہے؟ یہ کیا ہو گیا؟ یہ ہندو مسلم ایک دم ایک دوسرے کے ایسے جانی دشمن کیسے ہو گئے؟ یہ انھیں کس نے سکھایا ہے؟ ان کے دل سے کس نے محبت چھین لی؟''

**سوال نمبر4۔ شاعر اور نظم کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجئے۔**

(الف)
میں اس کو کعبہ و بت خانہ میں کیوں ڈھونڈنے نکلوں — مرے ٹوٹے ہوئے دل ہی کے اندر ہے مقام اس کا
سراپا معصیت میں ہوں سراپا مغفرت وہ ہے — خطا کوشی روش میری، خطا پوشی ہے کام اس کا

(ب)
تیرے عشق کی انتہا چاہتا ہوں — مری سادگی دیکھ کیا چاہتا ہوں
کوئی دم کا مہماں ہوں اے اہلِ محفل — چراغِ سحر ہوں بجھا چاہتا ہوں

**سوال نمبر5۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیں۔**

(i) علم کے فائدے

(ii) آج پہلے سے زیادہ ہمیں متحد ہونے کی ضرورت ہے

(iii) زندگی آمد برائے بندگی

Result . Pk

Result.PK